© rasailojaraid.com

ان رسائل کے مصنف نے ایک جدید طریقہ اختیار کیا ہے اور وہ یقیناً زیادہ مفید ہے۔ وہ سب سے پہلے ایمانیات کو بچوں کی فہم کے مطابق دلنشین پیرائے میں بیان کرتے ہیں، اس کے بعد انبیا علیہم السلام اور اکابر دین کے حالات سے اسلامی سیرت کے بلند پایہ نمونے اخذ کر کے اس طور پر پیش کرتے ہیں کہ ان سے نہ صرف عقائد کی صحیح تعلیم حاصل ہو بلکہ اس کے ساتھ بچوں کو یہ بھی معلوم ہو جائے کہ ان عقائد سے کیسے انسان بنتے ہیں۔ پھر وہ آگے بڑھ کر تعلیم قرآن کی ابتدا کرتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی سورتیں مترجمہ و مفہوم کے ساتھ یاد کراتے چلے جاتے ہیں اگر اسی ڈھنگ پر یہ سلسلہ مکمل کیا جائے تو ہمیں امید ہے کہ بچوں کی دینی تعلیم کے لیے یہ ایک بہت اچھا سلسلہ ہوگا۔ مصنف نے خاص طور پر اس بات کو ملحوظ رکھا ہے کہ کوئی ایسی چیز نہ آنے پائے جو اسلامی فرقوں میں مختلف فیہ ہو۔ نیز انہوں نے جگہ جگہ توحید و رسالت کی تعلیم کو نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔

**مشیت ایزدی اور قرآنی تعلیمات** | از پروفیسر یوسف سلیم چشتی پرنسپل اشاعت اسلام کالج لاہور۔

قیمت ۵ ؍ پیکو آرٹ پریس۔ موچی دروازہ، لاہور۔

اس رسالہ میں جبر و قدر کے پیچیدہ مسئلے پر بحث کی گئی ہے اور آیات قرآنی کی مدد سے اس امر کو واضح کیا گیا ہے کہ خلق فعل اور کسب فعل دونوں اپنی اپنی جگہ دونا قابل انکار حقیقتیں ہیں جن کا ظہور ہماری ذات میں ساتھ ساتھ ہوتا ہے، اور اس طور پر ہوتا ہے کہ ہم تابع مشیت الٰہی بھی ہیں اور اپنے اچھے برے افعال کے ذمہ دار بھی۔ دوران بحث میں ضمناً ذات باری تعالیٰ کے متعلق اسلامی عقائد کی تشریح اور ملحدین کے خیالات کی تردید بھی آگئی ہے۔

**ختم نبوت** | یہ پروفیسر یوسف سلیم چشتی کا دوسرا مختصر رسالہ ہے جس کا موضوع بحث اس کے نام سے ظاہر ہے۔ بحث کا رخ زیادہ تر مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے دعوئے نبوت کے ابطال کی طرف پھرا ہوا ہے۔ اور نصوص و براہین عقلیہ سے ان اعتراضات کو رد کیا گیا ہے جو ختم نبوت کے متفقہ اسلامی عقیدے پر

© rasailojaraid.com